## طالبان تیزی سے سندھ پر قبضہ کررہے ہیں، سندھ کے غیرت مند بیٹے میدان عمل میں آجائیں۔ الطاف حسین

## مسلح طالبان کو کراچی اور سندھ سے نکال کر کہیں اور آباد کیا جائے، ان کا اسلحہ واپس لیا جائے اور ان کی غیر قانونی سرگرمیوں کو بند کرایا جائے ورنہ حالات کی تمام تر ذمہ داری ارباب اختیار پر عائد ہوگی

## اگر کسی نے اسلحہ کے ذور پر کراچی پر قبضہ کرنے کی کوشش کی تو پھر ہر گلی میں دمادم مست قلندر ہوگا

## ''بہاری نہ کھپے'' کے نعرے لگانے والے نام نہاد قوم پرست آج سندھ پر طالبان کے قبضہ کے عمل پر خاموش ہیں

## سندھ دھرتی کو بچانے کیلئے سندھ کے تمام غیرت مند بیٹوں، دانشوروں، قلم کاروں اور عوام کو میدان عمل میں آنا ہوگا

## لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں ایم کیو ایم کے تنظیمی ونگز اور شعبہ جات کے اجلاس سے ٹیلیفون پر خطاب

کراچی۔۔۔28 اکتوبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایک بار پھر کہا ہے کہ طالبان تیزی سے سندھ دھرتی پر قبضہ کررہے ہیں لہٰذا سندھ دھرتی کو بچانے کیلئے سندھ کے تمام غیرت مند بیٹوں، دانشوروں، قلم کاروں اور سندھ سے محبت کرنے والے عوام کو میدان عمل میں آنا ہوگا اور ''طالبان نہ کھپے'' کا نعرہ لگانا ہوگا۔ انہوں نے واشگاف الفاظ میں کہا کہ ایم کیو ایم کے کارکنان اور ہمدرد عوام طالبان کے اسلحہ برداروں کے سامنے نہیں جھکیں گے اور اگر کسی نے اسلحہ کے ذور پر کراچی پر قبضہ کرنے کی کوشش کی تو پھر ہر گلی میں دمادم مست قلندر ہوگا۔ جناب الطاف حسین نے ان خیالات کا اظہار آج لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں ایم کیو ایم کے تمام تنظیمی ونگز اور شعبہ جات کے ارکان کے ایک اجلاس سے ٹیلیفون پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اپنے خطاب میں سندھ میں بڑھتی ہوئی طالبانائزیشن پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ مسلح طالبان کراچی کے اطراف میں آکر زمینوں پر قبضہ کررہے ہیں اور پہاڑیوں پر جدید وخودکار ہتھیاروں سے مورچہ بند ہوگئے ہیں، گزشتہ ایک مہینہ میں چار لاکھ طالبان کراچی آچکے ہیں اور آج پورا کراچی مسلح طالبان کے ہاتھوں چاروں طرف سے یرغمال بن چکا ہے۔ یہ طالبان جدید وخودکار ہتھیاروں سے لیس ہیں، ان کی کارروائیاں کھلے عام جاری ہیں اور انہیں روکنے والا کوئی نہیں ہے۔ مسلح طالبان کراچی میں مذہبی انتہاپسندی کے ساتھ ساتھ ڈکیتی اور اغوا برائے تاوان کی وارداتوں میں ملوث ہیں۔ یہ طالبان کراچی میں تاجروں، صنعتکاروں اور اہل ثروت افراد کو اغوا کرکے قبائلی علاقوں میں تاوان وصول کرتے ہیں اور بندوق کے ذور پر کراچی کے شہریوں سے اربوں روپے وصول کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم کافی عرصہ سے کراچی سمیت سندھ بھر میں طالبانائزیشن کے بارے میں آگاہ کرتے رہے لیکن حکومت کی جانب سے اس سے انکار کیا جاتا رہا مگر کراچی میں پیش آنے والے بعض واقعات نے اس حقیقت کو ثابت کردیا ہے کہ کراچی سمیت سندھ بھر میں طالبانائزیشن کا عمل تیزی سے جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ جنوری 2008ء میں کراچی کے علاقے شاہ لطیف ٹاؤن میں مسلح طالبان اور پولیس کے درمیان مقابلہ ہوا جس میں چار طالبان دہشت گرد ہلاک اور تین پولیس افسران واہلکار شہید ہوئے تھے، کچھ طالبان وہاں سے فرار ہوگئے تھے۔ کراچی میں جس پولیس اہلکار نے طالبان کی مخبری کی تھی طالبان نے اسے کراچی سے اغوا کرکے سوات لیجا کر سفاکی سے اسکی، اسکے بیوی بچوں اور والدین کی گردنیں قلم کردیں مگر افسوس کہ انتظامیہ نے اس واقعہ کو دبا دیا۔ انہوں نے کہا کہ طالبان اسلحہ کے ذور پر کراچی اور پورے سندھ میں بھی اپنا جبر کا نظام قائم کرنا چاہتے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے صدر مملکت، وزیراعظم، سندھ کے گورنر، وزیراعلیٰ اور وزیر داخلہ سے مطالبہ کیا کہ کراچی کے چاروں طرف پہاڑیوں اور علاقوں میں پھیلنے والے اور زمینوں پر قبضے کرنے والے مسلح طالبان کو کراچی اور سندھ سے نکال کر کہیں اور آباد کیا جائے، ان کا اسلحہ واپس لیا جائے اور انکی غیر قانونی سرگرمیوں کو بند کرایا جائے ورنہ حالات کی تمام تر ذمہ داری ارباب اختیار پر عائد ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ ہم ارباب اختیار کو بتا دینا چاہتے ہیں کہ ہم امن پسند لوگ ہیں قتل وغارت اور جنگ وجدل نہیں چاہتے لیکن اپنا دفاع کرنا ہمارا آئینی، قانونی، اخلاقی اور شرعی حق ہے، ایم کیو ایم کے کارکنان اور ہمدرد عوام طالبان کے اسلحہ برداروں کے سامنے نہیں جھکیں گے اور اگر کسی نے اسلحہ کے ذور پر کراچی پر قبضہ کرنے کی کوشش کی تو پھر ہر گلی میں دمادم مست قلندر ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم کا ایک بھی کارکن زندہ ہے وہ جرات وہمت کے ساتھ اپنی جان دینا قبول کرلے گا لیکن سر جھکانا یا غلام بننا پسند نہیں کرے گا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ طالبان سندھ دھرتی پر قبضہ کررہے ہیں اور سندھ کے وہ نام نہاد قوم پرست جو ڈھائی لاکھ محصور پاکستانیوں کی وطن واپسی کے خلاف جلسے جلوس نکالکر ''بہاری نہ کھپے'' کے نعرے لگاتے تھے وہ آج سندھ میں لاکھوں طالبان کی آمد اور زمینوں پر قبضہ کے عمل پر خاموش ہیں اور کسی قوم پرست نے آگے بڑھ کر یہ نہیں کہا کہ ''طالبان نہ کھپے'' بلکہ یہ نام نہاد قوم پرست سندھ دھرتی ماں کا سودا کررہے ہیں اور سندھ دشمنوں سے جا ملے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر سندھ میں شعوری بیداری ہوتی تو غیرت مند سندھی طالبان کو سندھ میں قدم نہیں جمانے دیتے۔ انہوں نے کہا کہ اگر سندھ دھرتی کو بچانا ہے تو سندھ کے تمام غیرت مند بیٹوں، بیٹیوں، صحافیوں، دانشوروں، قلم کاروں اور سندھ سے محبت کرنے والے عوام کو میدان عمل میں آنا ہوگا اور ''طالبان نہ کھپے'' کا نعرہ لگانا ہوگا خواہ ان کو اس کیلئے کتنی ہی قربانیاں کیوں نہ دینا پڑیں۔ انہوں نے

کہا کہ الطاف حسین سندھ دھرتی کا سپوت ہے اور وہ صوفیوں کی اس دھرتی پر طالبان کا قبضہ کسی صورت نہیں ہونے دے گا۔ جناب الطاف حسین نے کراچی سمیت سندھ بھر کے عوام سے کہا کہ وہ اگر اپنے اہل خانہ کی جان ومال اور عزت وناموس کو بچانا چاہتے ہیں تو وہ اپنی حفاظت کیلئے فوری طور پر اسلحہ کے لائسنس بنوائیں اور اپنے اپنے علاقوں میں ویجیلنس کمیٹیاں بنائیں۔ انہوں نے ایم کیو ایم کے تمام تنظیمی ونگز اور شعبہ جات کے ارکان پر زور دیا کہ وہ ان حالات میں اپنی ذمہ داریوں کو سمجھیں، اپنے فرائض کو دیانتداری سے ادا کریں اور تنظیمی فرائض کی انجام دہی میں کسی بھی قسم کی غفلت اور کوتاہی کا مظاہرہ نہ کریں۔

## سندھ کے عوام شادی بیاہ کی تقریبات میں اسلحہ کی نمائش اور فائرنگ سے گریز کریں، الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔۔28، اکتوبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ شادی بیاہ یا دیگر تقریبات میں اسلحہ کی نمائش اور فائرنگ سے گریز کریں۔ منگل کی شام عزیز آباد میں ایم کیو ایم کے مختلف شعبہ جات کے ذمہ داران سے ٹیلی فونک خطاب کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ شادی بیاہ یا دیگر تقریبات میں اسلحہ کی نمائش اور استعمال سے نہ صرف عام شہریوں کو پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے بلکہ یہ معصوم لوگوں کی جانوں کیلئے بھی نقصان دہ ہے اور میں خود بھی اسلحہ کی نمائش کو پسند نہیں کرتا۔ جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم کے ذمہ داروں اور منتخب نمائندوں سے پرزور دیا کہ وہ شادی بیاہ یا دیگر تقریبات میں اسلحہ کی نمائش اور فائرنگ کے واقعات کو روکنے کیلئے مثبت کردار ادا کریں۔

## جامعہ کراچی، جامعہ ڈاؤ میڈیکل اور سندھ میڈیکل کالج کے وائس چانسلرز اور انتظامیہ گرلز کامن رومز کو برقعہ بردار بریگیڈ سے فی الفور آزاد کرائیں، الطاف حسین

لندن۔۔۔28، اکتوبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایک مقامی انگریزی روزنامہ میں شائع شدہ خبر پر انتہائی تشویش کا اظہار کیا ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ کراچی یونیورسٹی، ڈاؤ میڈیکل یونیورسٹی اور سندھ میڈیکل کالج کے گرلز کامن رومز پر برقعہ بردار بریگیڈ نے قبضہ کرلیا ہے جو وہاں آنے والی ایسی طالبات جو برقعہ نہیں پہنتیں، انہیں تنگ کرتی ہیں، ان کی بے پناہ تذلیل کرتی ہیں اور انہیں گرلز کامن روم سے باہر نکلنے کا حکم دیتی ہیں۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ان جامعات اور کالج میں تعلیم حاصل کرنے والی طالبات اپنے اپنے گرلز کامن روم میں چند لمحوں کیلئے آرام کرنے جاتی تھیں جہاں اب ان کا جانا صرف اسلئے بند ہوگیا ہے کہ وہاں برقعہ بردار بریگیڈ نے قبضہ کرلیا ہے جس کی وجہ سے برقعہ نہ پہننے والی طالبات کو شدید پریشانیوں اور دشواریوں کا سامنا ہے اور یہ طالبات انتہائی ذہنی کرب واذیت میں مبتلا ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ اس برقعہ بردار بریگیڈ کا ان گرلز کامن رومز پر ناجائز قبضہ کرنا اور برقعہ نہ پہننے والی طالبات کو ہراساں کرنا نہ صرف انتہائی تشویشناک ہے بلکہ ان تعلیمی اداروں کے وائس چانسلرز، کالج پرنسپل اور انتظامیہ کی بے حسی کا منہ بولتا ثبوت بھی ہے۔ جناب الطاف حسین نے جامعہ کراچی، جامعہ ڈاؤ میڈیکل کے وائس چانسلرز، سندھ میڈیکل کالج کے پرنسپل اور انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ ان تعلیمی اداروں سے گرلز کامن رومز کو برقعہ بردار بریگیڈ کے ناجائز قبضہ سے فی الفور آزاد کرایا جائے تاکہ دیگر طالبات بھی چند لمحوں کے آرام وسکون اور اپنی دیگر ضروریات کیلئے ان گرلز کامن رومز میں بلاخوف وخطر داخل ہوسکیں۔

## عوام، ڈینگی وائرس کے مرض سے بچاؤ کیلئے ہر ممکن احتیاطی تدابیر اختیار کریں، الطاف حسین ڈینگی وائرس کے مرض سے تحفظ کیلئے پینے کے پانی کو ڈھانپ کر رکھیں

لندن۔۔۔28، اکتوبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سندھ بھر کے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ ڈینگی وائرس کے مرض سے بچاؤ کیلئے ہر ممکن احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے سندھ کے مختلف شہروں میں ڈینگی وائرس سے متاثرہ افراد کی تعداد میں اضافہ پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ عموماً مختلف امراض پیدا کرنے والے حشرات الارض کی نشوونما گندگی یا گندے پانی میں ہوتی ہے لیکن ڈینگی وائرس جیسے مہلک مرض کا سبب بننے والے مچھر کی نشوونما صاف پانی میں ہوتی ہے لہٰذا عوام پینے کے پانی کو ہرگز کھلا نہ رکھیں اور پینے کے پانی کو ڈھانپ کر رکھیں اور ڈینگی وائرس کے مرض سے بچاؤ کیلئے ہر ممکن احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔

## لیاقت علی شہید کوسینکڑوں سوگواران کی آہوں اورسسکیوں کے ساتھ سپرد خاک کردیا گیا،سوئم بدھ کو ہوگا

## نماز جنازہ اورتدفین میں رابطہ کمیٹی،صوبائی وزراء،ارکان اسمبلی،ٹاؤن ویوسی ناظمین اورایم کیوایم کے کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی

کراچی۔۔۔28،اکتوبر2008ء

نیوکراچی سیکٹرالیون جی میں گزشتہ روز مسلح موٹرسائیکل سواردہشت گردوں کی اندھادھندفائرنگ سے شہید ہونیوالے متحدہ قومی موومنٹ نیوکراچی سیکٹریونٹ A-143 کے جواں سال کارکن لیاقت علی شہید کوسینکڑوں سوگواران کی آہوں اورسسکیوں کے درمیان صدیق آباد نیوکراچی نمبر6 کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔شہید کی نماز جنازہ آج بعدنمازظہرنورانی عیدگاہ گراؤنڈ میں ادا کی گئی ،نماز جنازہ اورتدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن شاہدلطیف،حق پرست صوبائی وزراءعبدالحسیب،خالد بن ولایت ،حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی عبدالوسیم،عادل خان،ٹاؤن ناظم نیوکراچی محمد ذوالفقار،نائب ناظم،یوسی ناظمین،نائب یوسی ناظمین،کونسلرز،کراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان،نیو کراچی سیکٹرکمیٹی کے اراکین،یونٹوں کے ذمہ داران،کارکنان،ہمدردوں اورلیاقت علی شہید کے عزیزواقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی اورشہید کوزبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے شہید کی روح کیلئے فاتحہ خوانی کی۔دریں اثناءلیاقت علی شہید کا سوئم کل بروز بدھ بعدنمازظہرجامع مسجدنورانی سیکٹرالیون جی نیوکراچی میں ہوگا جس میں شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن وفاتحہ خوانی کی جائے گی جبکہ خواتین کیلئے قرآن وفاتحہ خوانی کا اہتمام شہید کی رہائشگاہ واقع سیکٹرالیون جی مکان نمبر 67/18 میں ہوگا۔دریں اثناءایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے حق پرست عوام وکارکنان سے اپیل کی ہے کہ لیاقت علی شہید کے فاتحہ سوئم میں زیادہ سے زیادہ شرکت کریں اور پابندی وقت کا خیال رکھیں۔

## دعوت اسلامی کی مجلس رابطہ کمیٹی کے اراکین کی نائن زیروپرایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین سے ملاقات

## ملتان میں ہونے والے دعوت اسلامی کی کانفرنس میں شرکت کا دعوت نامہ دیا

کراچی۔۔۔28،اکتوبر2008ء

دعوت اسلامی کی مجلس رابطہ کمیٹی کے ایک وفد نے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیزآباد میں رابطہ کمیٹی کے اراکین ڈاکٹرنصرت اورنیک محمد سے ملاقات کی اورانہیں دعوت اسلامی کے تحت ملتان میں ہونے والی کانفرنس کا دعوت نامہ پیش کیا۔وفد میں مولانا محمد سائل رضا،مولانا محمدفہیم عطاری،مولانا محمد حامدعطاری اورمولانا محمدندیم عطاری شامل تھےاس موقع پرایم کیوایم کی علماءکمیٹی کے اراکین علامہ شاہ فیروزالدین رحمانی اورمحمد ناصریامین بھی موجود تھے۔ملاقات میں دعوت اسلامی کے وفد نے رابطہ کمیٹی کے اراکین سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ دعوت اسلامی ملک میں اخوت ومحبت کے جذبات کوفروغ دے رہی ہےاور جولوگ دہشت گردی،انتہاءپسندی اورخودکش حملوں کے ذریعے ملک کی بقاءوسلامتی سے کھیل رہے ہیں اس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔اس موقع پررابطہ کمیٹی کے رکن ڈاکٹرنصرت نے دعوت اسلامی کے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ایسی کانفرنسیں وقت کا اہم تقاضہ ہیں اورہم سب کوملک میں قیام امن اوراخوت ومحبت کے جذبات کوفروغ دیکر ملک وملت کی بقاءاوراسکی سلامتی کیلئے کام کرنے کی ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین ایسے علمائے حق کا انتہائی احترام کرتے ہیں جودلوں کوتوڑتے نہیں بلکہ جوڑنے کی بات کرتے ہیں اورجوعلمائے کرام انسانیت کی خدمت کے جذبے سے سرشارہوکرکام کررہے ہیں وہ بڑے عظیم ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ جناب الطاف حسین نے ہمیشہ حق بات کی ہےاور تمام مکاتب فکر کے افرادکومتحدہوکرملک وملت کی خدمت کا درس دیا ہے۔انہوں نے دعوت اسلامی کے وفد کا شکریہ ادا کیا اوراپنی جانب سے ان کیلئے نیک خواہشات کا اظہار بھی کیا۔

## ایم کیوایم نیوکراچی سیکٹرکے کارکن لیاقت علی کے قاتلوں کوگرفتارکیا جائے،ارکان اسمبلی

کراچی۔۔۔28،اکتوبر2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کےحق پرست اراکین قومی اسمبلی نے مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں ایم کیوایم نیوکراچی سیکٹریونٹ A-143 کے کارکن لیاقت علی کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہےاورمطالبہ کیا ہے کہ ایم کیوایم کے کارکنان کی ٹارگٹ کلنگ کے واقعات میں ملوث دہشت گردوں کوفی الفورگرفتارکرکےعبرتناک سزا سے ہمکنارکیا جائے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ کراچی کےمختلف علاقوں میں ایم کیوایم کے کارکنان کے بہیمانہ قتل کی وارداتیں شہرکا امن خراب کرنا ہے۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ صرف گزشتہ ایک ہفتے کے دوران مسلح دہشت گردوں نے نیوکراچی اورلائنیزایریا ایم کیوایم کے کارکنان محمد دانش،محمد فاروق کے بہیمانہ قتل کے بعداب لیاقت علی کوبھی ٹارگٹ کلنگ کا

نشانہ بنا کر قتل کر دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے کارکنان کے بہیمانہ قتل کی وارداتوں اور متعدد کارکنان و ہمدردوں کو زخمی کرنے کے واقعات کراچی کا امن وسکون غارت کرنے کی گھناؤنی سازشوں کا تسلسل ہے۔

## ایم کیوایم بلوچستان کے زیر اہتمام سعیدوارثی مرحوم کیلئے قرآن وفاتحہ خوانی

کوئٹہ۔۔۔28، اکتوبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ بلوچستان کے تحت قائد تحریک الطاف حسین کے ماموں زاد بھائی اور سلسلہ وارثیہ کے بزرگ یاسین وارثی کے صاحبزادے سعیدوارثی مرحوم کے سوئم کے سلسلے میں ڈسٹرکٹ آفس کوئٹہ میں تعزیت اجلاس منعقد ہوا جس میں مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی۔ اجلاس میں بلوچستان صوبائی آرگنائزر میر محمد یوسف شاہوانی وارا کین آرگنائزنگ کمیٹی کے علاوہ بلوچستان کے مختلف شہروں سے تعلق رکھنے والے علاقائی ذمہ داران وکارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔اجلاس کے شرکاء نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین سے ان کے ماموں زاد بھائی وسلسلہ وارثیہ کے بزرگ یاسین وارثی کے صاحبزادے سعیدوارثی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت ان کے بلند درجات، قائد تحریک جناب الطاف حسین سوگواران صبر جمیل کیلئے خصوصی دعائیں بھی کیں۔

## پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کا فیصلہ خوش آئند ہے، حق پرست اراکین اسمبلی

کراچی۔۔۔28، اکتوبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے وزارت پٹرولیم کی جانب سے پٹرولیم مصنوعات خصوصاً مٹی کے تیل، پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں 8 روپے تک کمی کے فیصلے کی اطلاعات کا زبردست خیر مقدم کیا ہے اور کہا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی سے نہ صرف عوام کو ریلیف ملے گا بلکہ مہنگائی پر کافی حد تک قابو پایا جاسکے گا۔اپنے مشترکہ بیان حق پرست اراکین اسمبلی نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے آنے والے وقت کیلئے خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ ملک میں تیزی سے بڑھتی ہوئی مہنگائی نے غریب عوام کی کمر توڑ رکھی ہیں اور وہ فاقہ کشی اور کسمپرسی کی قربناک زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ چند ماہ کے دوران عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں ہونیوالی ریکارڈ کمی کے باوجود ملکی مسائل اور مالی خسارے کے پیش نظر حکومت کی جانب سے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کمی نہیں کی گئی تھی جسکے باعث روزمرہ استعمال کی اشیاء خوردونوش سمیت بجلی کی قیمتوں میں ہوش ربا اضافہ ہو چکا ہے اور مہنگائی پر قابو پانے کیلئے ملک بھر کے غریب عوام حکومت کی جانب دیکھ رہے ہیں جبکہ حکومت پیٹرول پر 31 روپے جبکہ ڈیزل میں 15 روپے فی لیٹر منافع حاصل کر رہی ہے اور صرف ماہ اکتوبر میں حکومت نے پٹرولیم مصنوعات کی فروخت پر 10 ارب روپے کا بھاری منافع حاصل کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کمی کا فیصلہ بروقت ہے۔

## ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر کے کارکن اشرف کی ہمشیرہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔28، اکتوبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 87 کے کارکن اشرف کی ہمشیرہ نادیہ کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل دے۔(آمین)

☆☆☆☆☆